ماہنامہ فلکیات کراچی
سردار عالم
جنتری
۱۹۷۳ء

ٹیلیفون ۴۱۸۹۵۹

ماہنامہ فلکیات کراچی

چیف ایڈیٹر
عامل لیاقت منجمؔ

سب ایڈیٹر
عامل سردار منجمؔ

★

زر سالانہ
تیرہ روپے

★

قیمت فی کاپی
دو ۲ روپے

وہی جس نے بنایا سورج کو چمکتا اور چاند کو اجالا اور ٹھہرائیں اس کی منزلیں تاکہ جانو گنتیاں برسوں کی اور حساب ۔ ۱۰-۵

خزینۂ علوم فلکیات

سردار عالم جنتری

المعروف

تقویم سیارگاں ۱۹۷۳ء

جلد نمبر ۱	ماہ نومبر ۱۹۷۳ء	شمارہ نمبر ۳

جھلکیاں

اس کے علاوہ متعدد رازوں کی نقاب کشائی —
سوالات کے جواب اور کئی قسم کے فائدے —
تفصیلات اندر کے صفحات پر ملاحظہ فرمائیے —

عامل لیاقت منجم ایڈیٹر پبلشر نے ایجوکیشنل پریس پاکستان چوک کراچی سے چھپوا کر دفتر ماہنامہ فلکیات ۱۲/۲ سی ایریا لیاقت آباد کراچی سے شائع کیا۔
(کتابت - [illegible])

لسان الغیب

دائرہ اوکع کی رو سے حصول وراثت معلوم کرنا

(صفدر گنوری)

جفار حضرات بخوبی جانتے ہیں کہ کل دوائر ابجد ۲۸ ہ ۲۸ ہیں اور ایک ایک دائرہ ابجد سے کئی کئی امور دریافت کئے جاتے ہیں اس طرح مخلوق خدا کو فیض پہنچانے کے سلسلے میں یہ ۲۸ x ۲۸ ابجد کافی ہیں ان میں سے اٹھائیس دوائر بہت مشہور ہیں یہ دائرے بہت زیادہ مستعمل ہیں۔ ہم ان کے استعمال کے ایک یا دو طریقے ہر ماہ آپ ہی کی خدمت میں "لسان الغیب" کے عنوان سے پیش کرتے رہیں گے شائقین علم الجفر استفادہ فرماتے ہوئے مجھ عاجز و کمترین صفدر گنوری کے حق میں دعائے خیر فرمائیں! ذیل میں "دائرہ اوکع" کے سلسلے کا ایک سوال حل کرنے کا طریقہ پیش کیا جاتا ہے!

جب یہ معلوم کرنا مقصود ہو کہ موروثی جائیداد منقولہ یا غیر منقولہ مل سکے گی یا نہیں تو سب سے پہلے حسب ذیل امور معلوم فراہم کریں!

۱۔ سائل اور اس کی والدہ کے اسماء۔
۲۔ مورث اور اس کی والدہ کے اسماء۔
۳۔ یوم سوال
۴۔ ساعت سوال
۵۔ برج قمری
۶۔ منزل شمسی
۷۔ طالع وقت

اس کے بعد ان پانچ مراحل میں سوال حل کریں

۱۔ مرحلہ اول میں جملہ امور معلومہ کو بسط حرفی کریں۔
۲۔ مرحلہ دوم میں تخلیص یعنی تلخیص کریں۔
۳۔ مرحلہ سوم میں ترتیب نظامی دیں۔
۴۔ مرحلہ چہارم میں جمل کبیر و صغیر کریں۔
۵۔ مرحلہ پنجم میں جمل صغیر میں آٹھ جمع کر کے چار پر تقسیم کریں۔

نتائج

- تقسیم کرنے کے بعد اگر صفر بچے تو مال وراثت بمحنت جدوجہد سے حاصل ہو۔
- ایک بچے تو وراثت بآسانی ملے!
- دو بچیں تو محنت اکارت جائے اور کچھ بھی وراثت نہ ملے۔
- تین بچیں تو کچھ وراثت ملے اور باقی ہاتھ نہ آسکے!

مثلاً سید اصغر حسین بن صابرہ حسینی نے سوال کیا کہ ان کے دادا جان ناصر حسین بن ساجدہ حسنہ کی وراثت انہیں حاصل ہو سکے گی یا نہیں جو بقید حیات ہیں اور ان کی موجودگی میں سید اصغر حسین کے والد بزرگوار صغیر حسین فوت ہو چکے ہیں۔

یہ سوال انہوں نے یکشنبہ کو جب ساعت عطارد کی تھی برج قمری سنبلہ تھا منزل شمسی جبہہ تھی اور طالع وقت ۲ جوزا تھا۔

چونکہ ۔!

یہ سوال دائرہ اوکع سے متعلق ہے اس لئے اسے حل کرنے

کے لئے دائرہ ادکع کی ضرورت ہے جو حسب ذیل ہے

ا ک ع | سش ص ض ح | م ص ث ج

۱ ۲ ۳ ۴ | ۵ ۶ ۷ ۸ | ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰

ہ ی س ر | ذ ـ ب ـ ز ـ ل | ف ص ظ د

۴۰ ۵۰ ۶۰ ۷۰ | ۸۰ ۹۰ ۱۰۰ ۲۰۰ | ۳۰۰ ۴۰۰ [illegible] ۶۰۰

ط ـ ن ق خ

۷۰۰ [illegible] ۹۰۰ ۱۰۰۰

مرحلہ اول ـ بسط حرفی | س ی د ا ص غ ر ح
س ی ن ب ن ص اب
رہ ح س ن ی ن اص رح س ی ن ب س ا ج
دہ ح س ن ہ ش ن ب ہ ع ط ا رد بی ن ب ل
دہ دص) ج و ز ا ـ

مرحلہ دوم ـ تلخیص یعنی تخلیص | سی ی د ا ص غ ر
ح ن ب ہ ج ش ع
ط ل د ر ـ

مرحلہ سوم ـ ترفع زواجی یعنی ہر چوتھا حرف قائم کرنا اعتبار دائرہ ادکع

حروف مستحصلہ :- س ی د ا ص غ ر ح ن ب ہ ج ش
ع ط ل د ر

ترفع زواجی :- ب ذ ق ع م س ز ث ا ف ر ص ج

اقدار ۹۰ ۸۰ ۹۰۰ ۴ ۹ ۶۰ ۱۰ ۲۰ ۳۰۰ ۱ ۷۰ ۶ ۸

ج ح ط ش ت
۷ ۱۰۰ ۷۰ ۵ ۱۴

مرحلہ چہارم :- جمل کبیر و صغیر :-

۹۰+۸۰+۹۰۰+۴+۹ ۶۰+ ۱۰ +۲۰+ ۱+۳۰۰

+۷۰+۶+۸+۷...۱+۷۰۰+۵+۴۰۰=۲۷۶۰=۱۶=۷

مرحلہ پنجم ـ جمل صغیر میں ۸ قانونی اعداد جمع کئے گئے تو ۱۵ ہوئے

تقسیم :- ۱۵ ÷ ۴ = ۳ ـ باقی ۳

پس فیصلہ یہ ہوا کہ ــ "درخواست میں سے تھوڑا بہت مل سکے گا!" اور یہی سید اصغر حسین صاحب کو بتایا گیا جس کی بعد میں انھوں تصدیق فرمائی ـ!

دائرہ ادکع ہی سے یک اور سوال حل کر کے اس دائرہ کا استعمال بتایا جاتا ہے ـ!

جب کوئی شخص یہ معلوم کرنا چاہیے کہ اُسے فلاں شخص بنک سوسائٹی یا یونین سے قرض مل سکے گا یا نہیں تو اسے چاہیئے کہ پہلے وہ اپنا نام مع اسم والدہ نے پھر یوم سوال، ساعت سوال، طالع وقت لے لے. پھر جملہ امور معلومہ کو بسط حرفی کر کے اس کے بعد تلخیص کرے اور حاصل شدہ حروف کو دائرہ ادکع ہی میں ترفع طبعی دے یعنی حروف خاک کو حروف آب سے حروف آب کو حروف باد سے حروف باد کو حروف آتش سے اور حروف آتش کو حروف خاک سے حسب المراتب! مستحصلہ حروف کی اقدار کا جمل کبیر و صغیر کرے ازاں بعد تین پر تقسیم کرے اگر صفر بچے تو کچھ نہ کچھ مل ہی جائے گا ـ! ایک بچے تو قرض حسب دلخواہ مل سکے گا اور اگر دو بچیں تو ناکامی ہوگئی ـ

مثال :- محمد سلیمان بن سلمہ خاتون نے مریخ کی ساعت میں بروز جمعہ جبکہ طالع وقت ۱۱ درجہ سنبلہ تھا دریافت کیا کہ وہ اپنے ایک مربی حاجی محمد اسحاق سے دو ہزار روپے قرض لینے میں کامیاب ہوسکے گا یا نہیں!

میں نے ان کے سوال کو اس طرح حل کیا اور جواب دیدیا قرض حسب دلخواہ ملے گا ـ

امور معلومہ :-

نام وسائل — جمعہ
ساعت سوال — مریخ
طالع وقت — ۱۱ درجہ (۱۵)

بسط حرفی :- م ح م د س ل ی ا م ا ن

ب ن س ل ـ م خ ا ت د ہ ن ج ا ع
ہ م ر ی غ (اِصّ) س ن ب لام

تلخیص یا تخلیص:-

م ح د س ل ی ا ن ب ہ خ ت د ج ع ر
ص

ترفع طبعی:- ترفع طبعی کے سلسلے میں حروف کی تقسیم طبعی از روئے دائرہ ہذا حسب ذیل ہے

آتش	باد	آب	خاک
ا	د	ک	ع
ش	ض	ج	ح
م	ص	ث	غ
ہ	ء	س	ر
ذ	ب	ز	ل
ف	ت	ط	د
ط	ن	ق	خ

اس تقسیم کی روشنی میں مستحصلہ حروف کی تقسیم اور ترفع طبعی حسب ذیل ہے۔

م ح د س ل ی ا ن ب ہ خ ت د ج ع ر ص

حروف آتش — م ا ہ
حروف باد — ی ل ب ت د ص
حروف آب — س ج
حروف خاک — ح د ل خ ع ر

ترفع طبعی:-
م ح د س ل ی ن ب
ط ط ط ط ط ط ط ط ط
غ ج ظ ی ز ہ ع ط ذ

ہ خ ت د ج ع ر ص
ط ط ط ط ط ط ط ط
ر ق ف ا ض ک س م

حروف مستحصلہ غ ج ظ ی ز ہ ع ط ذ ر ق ف ا ض ک س م

اعداد حروف و جمل کبیر:- ۳۰ + ۷۰ + ۵۰۰ + ۵۰
+ ۱۰۰ + ۴۰ + ۴ + ۷۰۰ + ۸۰ + ۷۰ + ۹۰۰ + ۲۰۰ + ۴
+ ۱ + ۶ + ۳ + ۶۰۰ + ۹ = ۲۸۶۰

جمل صغیر:- ۲۸۶۰ = ۰ + ۶ + ۸ + ۲ = ۱۶

۳ کی تقسیم

۱۶ ÷ ۳ = ۵ (۱۵)، ۱ باقی

ایک باقی! چنانچہ جواب دیا گیا کہ قرض حسب دلخواہ مل جائے گا۔!

(بقیہ سرچشمۂ فیوض و برکات)

ہم اپنے قارئی عاملین سے استدعا کرتے ہیں کہ عملیات میں صحت نفس، خلوص و عقیدت، صبر و استقامت اور پاکیزگی و طہارت کا خاص خیال رکھیں۔ ورنہ ناکامی کی صورت میں ہمارے لئے سوءِ ظن کو ہرگز راہ نہ دیں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ عاملین نگاہ و دل کی پاکیزگی کا خیال رکھے بغیر اور عمل کی شرائط پوری نہ کرتے ہوئے عمل شروع کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور نتیجتاً وہ عملیات کی طرف سے بدظن ہو جاتے ہیں۔ تمام عملیات میں عزم و ارادہ پاکیزگی نفس اور طہارتِ قلب ضروری ہے۔ صاف ستھرا اور پاک لباس بھی عملیات میں لازم ہے۔

ادارۂ فلکیات نے محض رفاہ عام کی خاطر عملیات کا یہ سلسلہ شروع کیا ہے۔ حاجت مند حضرات عمل کرنے سے قبل ہر بات اچھی طرح ذہن نشین کر لیں اور اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو ادارہ فلکیات کراچی سے بذریعہ ڈاک یا بالمشافہ دریافت فرمالیں۔

نوٹ:- جو حضرات خود کوئی عمل نہ کر سکیں۔ وہ مناسب معاوضہ ادا کرنے کے بعد ہر قسم کی روحانی امداد حاصل کر سکتے ہیں۔